کی چھٹی تک نہ مل سکی اس کو افسر شاہی نے ہمیشہ پس پشت ڈالے رکھا جبکہ درج ذیل اسلامی ممالک میں جمعہ کو سرکاری چھٹی ہوتی ہے۔ سعودی عرب، مصر، ایران، افغانستان، سوڈان، عراق، اردن، ابوظہبی، کویت، لیبیا، سومالیہ، مسقط، مالی وغیرہ۔ اب عوامی دارالحکومت ہے، تحریک زور پکڑ رہی ہے اور پھر وہی افسر شاہی عیسائیوں کے متبرک دن اتوار کو چھٹی منانے پر مصر ہے۔ علماء اور خطباء سے التماس ہے۔ کہ ہر جمعۃ المبارک کی فضیلت اور اہمیت پر زور دیں۔ موجودہ حکومت نے اس مسئلہ کو ایک کمیٹی کے سپرد کر دیا ہے۔ اس کے عوام کی دیرینہ خواہش کو پورے جوش سے ہر طبقہ کا تعاون حاصل ہونا چاہیئے۔ یہ عرضداشت ہر شہر کے خطیب تک پہنچانے کی سعی کی جا رہی ہے۔

(متعدد حضرات، سمن آباد۔ لاہور)

اسمبلی کے مسترد شدہ سوالات الحق نے پاکستانی سنی مسلمانوں کی صحیح ترجمانی کی ہے۔ الحق نے یہ پڑھا کہ حضرت مولانا عبدالحق صاحب مدظلہٗ نے جب اسمبلی میں کچھ سوالات پیش کئے تو ان کو ناقابل جواب قرار دیا گیا تو انگشت بدنداں رہ گیا۔ اگر ایسے معقول اور ملک و ملت کے بارہ میں اہم اور نازک مسائل ناقابل جواب ہیں۔ تو آخر اس اسمبلی کا ملک و ملت کو کیا فائدہ۔ ایسے جوابات سے محروم رکھنا پاکستانی عوام کی توہین ہے۔ حکمرانوں کے سامنے پیش روؤں کے اقتدار اور لاپرواہی کے انجام بد کا نقشہ موجود ہے۔ آپ کا ان سوالات کو عوام تک پہنچا دینا ایک اہم قومی و ملی خدمت ہے۔ (محمد امین مدنی جامع مسجد چکوال)

مولانا نوگراموی کی وفات علمی حلقوں کیلئے یہ خبر موجب غم ہوگی کہ ۱۳ ستمبر مطابق ۱۰ شعبان ۱۳۹۲ھ علاقہ الائی بٹگرام ہزارہ کے حضرت مولانا غلام حیدر صاحب نوگراموی انتقال کر گئے۔ ان کی عمر سو سال تھی۔ موصوف حضرت شیخ الہند کے شاگرد خصوصی اور خلیفہ مجاز تھے۔ جمعیۃ العلماء اسلام الائی بالا کے امیر تھے۔ ساری زندگی درس و تدریس اور رشد و ہدایت میں بسر کی۔ قارئین الحق سے دعا کی اپیل کی جاتی ہے۔

(مولانا محمد ایوب امیر جمعیۃ العلماء اسلام الائی بٹگرام)

تفرقہ انگیز اور ناقابل عمل سنی شیعہ دینیات کمیٹی کے جو فیصلے اخبارات میں شائع ہوئے ہیں تفرقہ انگیز انتشار افزا، لغو اور ناقابل عمل ہیں۔ ہم مسلمانان اہل سنت کیطرف سے اس فیصلہ پر شدید احتجاج کرتے ہوئے مطالبہ کرتے ہیں کہ اس کمیٹی کے فیصلوں کو منسوخ کر کے کروڑوں سنی مسلمانوں کو مطمئن کیا جائے اور باقی ماندہ